Website: www.dailyjanoobipunjab.com Email: dailyjpmultan@gmail.com

ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور مؤثر روزنامہ ABC CERTIFIED

JPNS

روزنامہ

# جنوبی پنجاب

چیئرمین علی مراد صدیقی

چیف ایڈیٹر حنیف عمران

ملتان پاکستان

ایڈیٹر سیدہ اُم لیلی گیلانی

گروپ ایڈیٹر نوید نقوی

جلد نمبر 22 | منگل 27 رمضان المبارک 1444ھ 18 اپریل 2023ء (صفحات 4 قیمت 10 روپے) | شمارہ نمبر 368



وہاڑی: ایڈوائزر انچارج وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی گورنمنٹ گریجوایٹ کالج وہاڑی منعقدہ سیمینار میں طلباء کوادارہ وفاقی محتسب کے اغراض ومقاصد اور افادیت بارے آگاہی دے رہے ہیں

## وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی شکایات کے جلد ازالہ کے لیے کوشاں ہے

### ادارہ وفاقی محتسب بغیر وکیل اور بلا تاخیر سائلین کے مسائل قلیل مدت میں حل کر رہا ہے: جاوید بھٹی

وہاڑی ( سلمان جاوید چوہدری) وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی شکایات کے جلد ازالہ کے لیے کوشاں ہے ادارہ وفاقی محتسب بغیر وکیل اور بلا تاخیر سائلین کے مسائل قلیل مدت میں حل کر رہا ہے جس میں بلا تفریق، بلا تعطل لوگوں کو انصاف فراہم کیا جا رہا ہے یہ بات محمود جاوید بھٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے طلبا وہاڑی میں ایک آگہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی سیمینار میں پرنسپل کالج عالم۔زیب ، پروفیسر سجاد الرحمن اور طلبا و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی مشیر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف صرف ایک سادہ کاغذ پر،1055 پر میسج کے ذریعے یا واٹس ایپ، انسٹا گرام یا ای میل۔ کے ذریعے اپنی شکایت بھیج سکتے ہیں سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے ایس ایم ایس درخواست گزار کو بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے۔ سیمینار میں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ادارہ وفاقی محتسب کے اغراض و مقاصد، افادیت اور کارکردگی سے طلبا و طالبات کو آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلی کے ویژن اور ہدایات پر عوام کو انصاف کی فراہمی جاری ہے ادارہ وفاقی محتسب کے 17 ریجنل آفسز عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کام کر رہے ہیں اور لوگوں کو دو سو کے قریب وفاقی اداروں سے متعلقہ شکایات میں دہلیز پر انصاف مہیا کر رہے ہیں سیمینار کے اختتام پر ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے طلبا کے سوالات کے جوابات بھی دیئے بعد ازاں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی کے دفتر میں کھلی کچہری لگا کر واپڈا، سوئی گیس، زرعی ترقیاتی بینک اور دیگر وفاقی محکموں سے متعلقہ سائلین کی طرف سے آنے والی درخواستوں کی سماعت کی اور جلد حل کے لیے احکامات صادر کیے

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

TUESDAY, APRIL 18, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 321 | منگل، 27 رمضان المبارک، 18 اپریل 2023ء، صفحات 10 قیمت 30 روپے

# وفاقی محتسب نے ہائی وے متاثرین کو ساڑھے 5 کروڑ دلوا دیئے

**کوئٹہ ریجنل آفس میں کئی افراد نے درخواست دی کی زمینوں کی رقم نہیں دی جا رہی**

**این ایچ اے کی باقی رقم 3 ماہ میں ادا کرنے کی یقین دہانی، رقم ملنے پر شہری خوش**

کوئٹہ (اے پی پی) وفاقی محتسب کوئٹہ ریجنل آفس نے ہائی وے متاثرین کو ساڑھے 5 کروڑ دلوا دیئے۔ وفاقی محتسب میں کئی شہریوں نے درخواست دائر کی تھی کہ این ایچ اے (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

## وفاقی محتسب

7

نے انکی زمینوں پر سوراب سے ہوشاب تک ہائی وے بنایا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود این ایچ اے اور ضلعی انتظامیہ انکی زمینوں کی رقم دینے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے۔ کیس کی انکوائری کے دوران این ایچ اے کے اعلیٰ افسران کو دفتر طلب کیا گیا اور حق داروں کو انکا حق ادا کرنے کیلئے پابند کیا گیا۔

FO coverage-5.pdf

روزنامہ "میزان" کوئٹہ

18 APR 2023

# کام وہ جونظر آئے ۔۔۔۔۔ وفاقی محتسب کا کارنامہ

**وفاقی محتسب کے حکم پر سوراب، ہوشاب روڈ N_85 کے متاثرین کو ساڑھے پانچ کروڑ سے زیادہ کی رقم دلوادی گئی**

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں لاتعداد درخواست گزاروں نے درخواست دائر کی تھی کہ این ایچ اے نے ان کی زمینوں پر سوراب سے ہوشاب تک ہائیوے بنایا تھا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود این ایچ اے اور ضلعی انتظامیہ ان کی زمینوں کی رقم (بقیہ 27 صفحہ 2 پر)

بقیہ روزنامہ میزان کوئٹہ 27

دینے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی تھی۔ کئی علاقہ متاثرین نے وفاقی محتسب کے در پر دستک دی اور انصاف طلب کیا۔ درخواستیں موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے سینئر ترین افسران نے معاملے کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ کیس کی انکوائری کے دوران این ایچ اے کے اعلیٰ افسران کو دفتر طلب کیا گیا اور حق داروں کو ان کا حق ادا کرنے کے لیے پابند کیا گیا۔ وفاقی محتسب کے احکامات ملنے کے فوری بعد این ایچ اے کے سینئر افسران نے درخواست گزاروں کی زمین کی مد میں ساڑھے پانچ کروڑ روپے کی ادائگی کردی جبکہ بقایا رقم آنے والے تین ماہ میں دیے جائیں گے۔ احکامات موصول ہوتے ہی درخواست گزاروں نے ایک بار پھر وفاقی محتسب کا رخ کیا مگر آپ کی بار ان کی آنکھوں میں شکوہ نہیں بلکہ شکریہ دکھائی دے رہا تھا۔ درخواست گزاروں کا کہنا تھا کہ ہم نے ضلعی انتظامیہ اور این اے کے ہر در پر دستک دی مگر کوئی دروازہ ہم پر واہ نہیں ہوا۔ خدا کا شکر کے وفاقی محتسب نے ہم مظلوموں کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا اور بالآخر بغیر کسی فیس کے کروڑوں روپے کی رقم عوام کو دلوادی گی۔ وفاقی محتسب وہ عوامی ادارہ ہے جو عوام کی فلاح کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے

ہے

روزنامہ میزان کوئٹہ

منگل 18 اپریل 2023، 27 رمضان المبارک 1444ھ

# کام وہ جو نظر آئے ---- وفاقی محتسب کا کارنامہ

## وفاقی محتسب کے حکم پر سوراب میں شاہراہ N-85 کے متاثرین کو ساڑھے پانچ کروڑ سے زائد کی ادائیگی کر دی گئی

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں لاتعداد درخواست گزاروں نے درخواست دائر کی تھی کہ این ایچ اے نے ان کی زمینوں پر سوراب سے ... تک روڈ بنایا تھا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود این ایچ اے نے ان کی زمینوں کی رقم

(بقیہ 27 صفحہ 2 پر)



ادا نہیں کی۔ ہر طرح سے کام نہ بننے پر متاثرین نے وفاقی محتسب کے در پر دستک دی اور انصاف طلب کیا۔ درخواستیں موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے سینئر انویسٹی گیشن افسران نے معاملے کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ کیس کی سماعت کے دوران این ایچ اے کے متعلقہ افسران کو طلب کیا گیا اور حق داروں کو ان کا حق ادا کرنے کے لیے پابند کیا گیا۔ وفاقی محتسب کے احکامات ملتے ہی فوری طور پر این ایچ اے کے متعلقہ افسران نے درخواست گزاروں کی زمینوں کی مد میں ساڑھے پانچ کروڑ روپے کی ادائیگی کر دی جبکہ باقی رقم آنے والے تین ماہ میں دے دی جائے گی۔ احکامات موصول ہوتے ہی درخواست گزاروں نے ایک بار پھر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا اور خوشی کی وجہ سے ان کی آنکھوں میں آنسو تھے اور شکریہ ادا کرتے ہوئے درخواست گزاروں کا کہنا تھا کہ ہم نے کئی متعلقہ اداروں اور این ایچ اے کے ہر در پر دستک دی مگر کوئی دروازہ ہم پر نہ کھلا۔ لیکن خدا کا شکر ہے وفاقی محتسب نے ہم متاثرین کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا اور بالآخر کئی کروڑ روپے کی رقم ہم کو دلوا دی۔ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کی فلاح کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے ہے۔

اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفرآباد کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی — مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

ABC CERTIFIED

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

dailymakhlooq@gmail.com

0333-8133602

جلد نمبر 19 — منگل 27 رمضان المبارک 1444ھ، 18 اپریل 2023ء، 6 بیساکھ ب، صفحات 4، قیمت 10 روپے — شمارہ نمبر 142

**آج کی اچھی بات**

جس طرح جسم کو بیماری کی موجودگی میں کھانے کی لذت حاصل نہیں ہوتی، اسی طرح گناہوں کی موجودگی میں دل کو عبادت کی لذت محسوس نہیں ہوتی

# انچارج ایڈوائزر وفاقی محتسب کی سمبڑیال میں کھلی کچہری

## شاہد لطیف خان نے دوران سماعت 31 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا



گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ایڈوائزر (انچارج) شاہد لطیف خاں اور اسسٹنٹ رجسٹرار اصغر علی اعوان، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے سمبڑیال کا دورہ کے دوران اسسٹنٹ کمشنر آفس کمپلیکس میں ایڈمنسٹریٹر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، اور ریلوے وغیرہ کے خلاف (39) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور ریلوے کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (31) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (8) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔

لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار


روزنامہ

# برائٹ سٹار

گوجرانوالہ
پاکستان

گروپ چیئرمین
نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر
محمد یونس مغل

ایگزیکٹو ایڈیٹر
مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 | منگل 18 اپریل 2023ء، 27 رمضان المبارک 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 194


شاہد لطیف خاں

# وفاقی محتسب میں صرف 40 دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے

## ایڈوائزر (انچارج) شاہد لطیف خاں اور اسسٹنٹ رجسٹرار اصغر علی اعوان، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے سمبڑیال کا دورہ

## مختلف وفاقی محکموں کیخلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں



گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) ایڈوائزر (انچارج) شاہد لطیف خاں اور اسسٹنٹ رجسٹرار اصغر علی اعوان، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے سمبڑیال کا دورہ کے دوران اسسٹنٹ کمشنر آفس کمپلیکس میں ایڈمنسٹریٹر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں کیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، اور ریلوے وغیرہ کیخلاف (39) شکایات سنیں۔ اس موقع پر کیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور ریلوے کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (31) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (8) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج) نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔

منگل 18 اپریل 2023 — روزنامہ مشرق کوئٹہ

# وفاقی محتسب کا حکم: N-85 کے متاثرین کو ساڑھے پانچ کروڑ سے زیادہ کی رقم ادا کر دی گئی

وفاقی محتسب آفس میں کیس کی انکوائری کے دوران این ایچ اے کے اعلیٰ افسران کو دفتر طلب کیا گیا اور حق داروں کو ان کا حق ادا کرنے کے لیے پابند کیا گیا

خدا کا شکر کے وفاقی محتسب نے ہم مظلوموں کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا اور بالآخر بغیر کسی فیس کے کروڑوں روپے کی رقم عوام کو دلوا دی گی، درخواست گزار

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں لاتعداد درخواست گزاروں نے درخواست دائر کی تھی کہ این ایچ اے نے ان کی زمینوں پر سوراب سے ہوشاب تک ہائیوے بنایا تھا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود این ایچ اے اور ضلعی انتظامیہ ان کی زمینوں کی رقم دینے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی تھی۔ کئی علاقہ متاثرین نے وفاقی محتسب کے در پر دستک دی اور انصاف طلب کیا۔ درخواستیں موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے سینئر ترین افسران نے معاملے کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ کیس کی انکوائری کے دوران این ایچ اے کے اعلیٰ افسران کو دفتر طلب کیا گیا اور حق داروں کو ان کا حق ادا کرنے کے لیے پابند کیا گیا۔ وفاقی محتسب کے احکامات ملنے کے فوری بعد این ایچ اے کے سینئر افسران نے درخواست گزاروں کی زمین کی مد میں ساڑھے پانچ کروڑ روپے کی ادائیگی کر دی جبکہ بقایا رقم آنے والے تین ماہ میں دیے جائیں گے۔ احکامات موصول ہوتے ہی درخواست گزاروں نے ایک بار پھر وفاقی محتسب کا رخ کیا مگر آپ کی بار ان کی آنکھوں میں شکوہ نہیں بلکہ شکریہ دکھائی دے رہا تھا۔ درخواست گزاروں کا کہنا تھا کہ ہم نے ضلعی انتظامیہ اور این اے کے ہر در پر دستک دی مگر کوئی دروازہ ہم پر وا نہیں ہوا۔ خدا کا شکر کے وفاقی محتسب نے ہم مظلوموں کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا اور بالآخر بغیر کسی فیس کے کروڑوں روپے کی رقم عوام کو دلوا دی گی۔ وفاقی محتسب وہ عوامی ادارہ ہے جو عوام کی فلاح کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے ہے۔